الیکشن کمیشن آف پاکستان

(شعبہ تعلقات عامہ)

پریس ریلیز

مورخہ 03 اکتوبر، 2017

الیکشن کمیشن اور چیف الیکشن کمشنر آف پاکستان جسٹس سردار محمد رضا کا سوشل میڈیا بشمول فیس بک اور ٹویٹر پر کوئی اکاؤنٹ نہیں ہے۔اور اگر کوئی بھی ایسا فیس بک یا ٹوٹیر اکاؤنٹ کہیں سے بھی آپریٹ ہو رہا ہے تو وہ جعلی ہے۔الیکشن کمیشن کے ترجمان نے بتایا ہے کہ الیکشن کمیشن بحیثیت ایک آئینی ادارہ اور چیف الیکشن کمشنر بحیثیت سربراہ الیکشن کمیشن آف پاکستان کسی بھی قسم کا سوشل میڈیا پر کوئی رابطہ نہیں رکھتے اور اگر سوشل میڈیا پر الیکشن کمیشن یا چیف الیکشن کمشنر آف پاکستان کے نام سے کوئی فیس بک یا ٹویٹر اکاؤنٹ دیکھا گیا ہے تو وہ بالکل جعلی ہے۔الیکشن کمیشن میڈیا سے صرف اپنے سرکاری شعبہ تعلقات عامہ الیکشن کمیشن کے ذریعے ہی رابطہ کرتے ہیں اور کسی قسم کا سوشل میڈیا سے براہ راست کوئی رابطہ نہیں رکھتے۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆